بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ابلج صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سفید رنگ والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

الابیض الاتقی الاجل۔

(شرح المواھب اللدنیۃ ج ۳ ص ۱۲۳)

سفید رنگ والے، بڑی پاکیزہ ہستی۔

قالت ام معبد رضی اللہ عنھا رایت رجلا ظاھر الوضاءۃ ابلج الوجہ حسن الخلق۔

(الحدیث)

(المستدرک للحاکم ج ۳ ص ۹)

حضرت اُمّ معبد رضی اللہ عنھا کا بیان ہے کہ مَیں نے ایک ایسے انسان کو دیکھا جس کے چہرۂ انور پر رونق تھی، سپید، حُسن کے پیکر تھے۔

و فی حدیث ام معبد رضی اللہ عنھا فی صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابلج الوجہ ای مشرقہ۔

(صحاح ج ۱ ص ۱۳۸)

حضرت اُمّ معبد رضی اللہ عنھا کی حدیث میں جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت میں ابلج الوجہ کا لفظ آیا ہے اس کا معنیٰ ہے چمکدار چہرہ۔